© rasailojaraid.com

# پروفیسر خلیق احمد نظامی سے فورم کے راہ نماؤں کی ملاقات

ورلڈ اسلامک فورم کے راہ نماؤں مولانا زاہد الراشدی' مولانا محمد عیسیٰ منصوری اور مولانا سید اسد اللہ طارق گیلانی نے ۱۳ر اگست ۹۴ء کو آکسفورڈ سنٹر فار اسلامک سٹڈیز میں بھارت کے ممتاز محقق' مصنف اور دانش ور پروفیسر ڈاکٹر خلیق احمد نظامی سے ملاقات کی اور ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ پروفیسر خلیق احمد نظامی کا شمار برصغیر کے چوٹی کے ماہرین تعلیم اور محققین میں ہوتا ہے اور وہ "شاہ ولی اللہؒ کے سیاسی مکتوبات" "تاریخ مشائخ چشت" اور "سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات" جیسی متعدد علمی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف ہیں۔ فورم کے راہ نماؤں نے پروفیسر نظامی کو فورم کے پروگرام اور سرگرمیوں سے آگاہ کیا جس پر انہوں نے مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ فکری بیداری اور ذہنی تربیت کا یہ پروگرام وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہ وہ ماہنامہ "الشریعہ" کے چند شمارے دیکھ چکے ہیں جو ایک معیاری جریدہ ہے اور اہم مقصد کے لیے مفید کام کر رہا ہے۔ یاد رہے کہ آکسفورڈ میں اسلامک اسٹڈیز کا سنٹر جو مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کی نگرانی میں تعلیمی و تحقیقی خدمات سرانجام دے رہا ہے' اس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر فرحان احمد نظامی پروفیسر ڈاکٹر خلیق احمد نظامی کے فرزند ہیں اور مغربی دنیا کو اسلام کے بارے میں ضروری معلومات سائنٹفک بنیادوں پر مہیا کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔

# مولانا منصوری کی والدہ محترمہ انتقال فرما گئیں

ورلڈ اسلامک فورم کے سیکرٹری جنرل مولانا محمد عیسیٰ منصوری کی والدہ محترمہ کا گزشتہ دنوں انڈیا میں انتقال ہوگیا' انا للہ وانا الیہ راجعون۔ فورم کے راہ نماؤں مولانا زاہد الراشدی' مولانا مفتی برکت اللہ' پروفیسر عبدالجلیل ساجد' مولانا سید اسد اللہ طارق گیلانی' مولانا فیاض عادل فاروقی اور مولانا قاری محمد عمران خان جہانگیری نے مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں' اور کہا ہے کہ ہم مولانا منصوری اور ان

© rasailojaraid.com